


# ٱلۡكَـٰفِرُون Al-Kafiroon

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**The Surah takes its name from the word *al-kafiroon* occurring in the first verse.**

## Period of Revelation

**Abdullah bin Masud, Hasan Basri and Ikrimah, say that this Surah is Makki, while Abdullah bin Zubair says that it is Madani. Two different views have been reported from Abdullah bin Abbas and Qatadah, first that it is Makki, and second that it is Madani. However, according to the majority of commentators, it is a Makki Surah, and the subject matter itself points to its being a Makki revelation.**

## Historical Background

**There was a time in Makkah when although a storm of opposition had arisen in the pagan society of Quraish against the message of Islam preached by the Prophet (peace be upon him), yet the Quraish chiefs had not yet lost hope that they would reach some sort of a compromise with him. Therefore, from time to time they would visit him with different proposals of compromise so that he may accept one of them and the dispute between them would be brought to an end. In this connection, different traditions have been related in the *Hadith*.**

**According to Abdullah bin Abbas, the Quraish proposed to the Prophet (peace be upon him): We shall give you so much of wealth that you will become the richest man of Makkah. We shall give you whichever woman you like in marriage. We are prepared to follow and obey you as our leader, only on the condition that you will not speak ill of our gods. If you do not agree to this, we present another proposal which is to your as well as to our advantage. When the Prophet (peace be upon him) asked what it was, they said that if he would worship their gods, Lat and Uzza, for a year, they would worship his God for the same span of time. The Prophet (peace be upon him) said: Wait awhile; let me see what my Lord commands in this regard.**

**Thereupon the revelation came down: *Qul ya-ayyuhal-kafirun*... and: *Qul afa-ghair Allahi*... (Surah Az-Zumar, Ayat 64): Say to them: ignorant people, do you bid me to worship others than Allah? (Ibn Jarir, Ibn Abi Hatim, Tabarani). According to another tradition from Ibn Abbas,**

**the Quraish said to the Prophet (peace be upon him): O Muhammad, if you kiss our gods, the idols, we shall worship your God. Thereupon, this Surah was sent down. (Abd bin Humaid).**

**Saaid bin Mina (the freed slave of Abul Bakhtari) has related that Walid bin Mughirah, Aas bin Wail, Aswad bin al-Muttalib and Umayyah bin Khalaf met the Prophet (peace be upon him) and said to him: O Muhammad (peace be upon him), let us agree that we would worship your God and you would worship our gods, and we would make you a partner in all our works. If what you have brought was better than what we possess, we would be partners in it with you, and have our share in it, and if what we possess is better than what you have brought, you would be partner in it with us and have your share of it. At this Allah sent down: *Qul ya-ayyuhal-kafirun* (Ibn Jarir, Ibn Abi Hatim, Ibn Hisham has also related this incident in the *Sirah*).**

**Wahb bin Munabbih has related that the people of Quraish said to Allah's Messenger: If you like we would enter your faith for a year and you would enter our faith for a year. (Abd bin Humaid, Ibn Abi Hatim).**

**These traditions show that the Quraish had proposed such things to the Prophet (peace be upon him) not once, in one sitting, but at different times and on different occasions; and there was need that they should be given a definite, decisive reply so that their hope that he would come to terms with them on the principle of give and take was frustrated forever.**

## Theme and Subject Matter

**If the Surah is read with this background in mind, one finds that it was not revealed to preach religious tolerance as some people of today seem to think, but it was revealed in order to exonerate the Muslims from the disbelievers religion, their rites of worship, and their gods, and to express their total disgust and unconcern with them and to tell them that Islam and *kufr* (unbelief) had nothing in common and there was no possibility of their being combined and mixed into one entity. Although it was addressed in the beginning to the disbelieving Quraish in response to their proposals of compromise, yet it is not confined to them only, but having made it a part of the Quran, Allah gave the Muslims the eternal teaching that they should exonerate themselves by word and deed from the creed of *kufr* wherever and in whatever form it be, and should declare without any reservation that they cannot make any compromise with the disbelievers in the matter of faith. That is why this Surah continued to be recited when the people to whom it was addressed as a rejoinder, had died and been forgotten, and those Muslims also continued to recite it who were disbelievers at the time it was revealed, and the Muslims still recite it centuries after they have passed away, for expression of disgust with and dissociation from *kufr* and its rites is a perpetual demand of faith.**

**As for the esteem in which the Prophet (peace be upon him) held this Surah, it can be judged from the following few *ahadith*:**

**Abdullah bin Umar has related that on many an occasion he heard the Prophet (peace be upon him) recite Surahs**

***Qul Ya- ayyuhal- kafirun*** **and** ***Qul Huwu-Allahu ahad*** **in the two** ***rakahs*** **before the Fajr obligatory Prayer and in the two rakahs after the Maghrib obligatory Prayer. Several traditions on this subject with a little variation in wording have been related by Imam Ahmad, Tirmidhi, Nasai, Ibn Majah, Ibn Hibban, Ibn Marduyah from Ibn Umar.**

**Khabbab says: The Prophet (peace be upon him) said to me: when you lie down in bed to sleep, recite** ***Qul ya-ayyuhal kafirun*****, and this was the Prophet's own practice also; when he lay down to sleep, he recited this Surah. (Bazzar, Tabarani, Ibn Marduyah).**

**According to Ibn Abbas, the Prophet (peace be upon him) said to the people: Should I tell you the word which will protect you from polytheism? It is that you should recite** ***Qul ya-ayyuhal kafirun*** **when you go to bed. (Abu Yala, Tabarani).**

**Anas says that the Prophet (peace be upon him) said to Muadh bin Jabal: Recite** ***Qul ya-ayyuhal-kafirun*** **at the time you go to bed, for this is immunity from polytheism. (Baihaqi in** ***Ash-Shuab*****).**

**Both Fardah bin Naufal and Abdur Rahman bin Naufal have stated that their father, Naufal bin Muawiyah al-Ashjai, said to the Prophet (peace be upon him): Teach me something which I may recite at the time I go to bed. The Prophet (peace be upon him) replied: Recite** ***Qul ya-ayyuhal kafirun*** **to the end and then sleep, for this is immunity from polytheism. (Musnad Ahmad, Aba Daud, Tirmidhi, Nasai, Ibn Abi Shaibah, Hakim, Ibn Marduyah, Baihaqi in** ***Ash-Shuab*****). A similar request was made by Jabalah bin**

Harithah, brother of Zaid bin Harithah, to the Prophet (peace be upon him) and to him also he gave the same reply. (Musnad Ahmad, Tabarani).

## نام

پہلی ہی آیت قل یاایھا الکٰفرون کے لفظ الکافرون کواس سورت کا نام قرار دیاگیا ہے۔

## زمانۂ نزول

حضرت عبد اللہ بن مسعود، حضرت حسن بصری اور عکرمہ کہتے ہیں کہ یہ سورت مکی ہے، حضرت عبد اللہ بن زبیر کہتے ہیں کہ مدنی ہے، اور حضرت عبد اللہ بن عباس اور قتادہ سے دو قول منقول ہوئے ہیں۔ ایک یہ کہ یہ مکی ہے اور دوسرا یہ کہ مدنی ہے۔ لیکن جمہورِ مفسرین کے نزدیک یہ مکی سورت ہے اور اس کا مضمون خود اس کے مکی ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

## تاریخی پس منظر

مکۂ معظمہ میں ایک دور ایسا گزرا ہے جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوتِ اسلام کے خلاف قریش کے مشرک معاشرے میں مخالفت کا طوفان تو برپا ہو چکا تھا، لیکن ابھی قریش کے سردار اِس بات سے بالکل مایوس نہیں ہوئے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوکسی نہ کسی طرح مصالحت پر آمادہ کیا جا سکے گا۔ اس لیے وقتاً فوقتاً وہ آپ کے پاس مصالحت کی مختلف تجویزیں لے کر آتے رہتے تھے تاکہ آپ اُن میں سے کسی کو مان لیں اور وہ نزاع ختم ہو جائے جو آپ کے اور اُن کے درمیان رونما ہو چکا تھا۔ اس سلسلے میں متعدد روایات احادیث میں منقول ہوئی ہیں: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ قریش کے لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا ہم آپ کو اتنا مال دیے دیتے ہیں کہ آپ مکہ کے سب سے زیادہ دولت مند آدمی بن جائیں، آپ جس عورت کو پسند کریں اس سے آپ کی شادی کیے دیتے ہیں، ہم آپ کے پیچھے چلنے کے لیے تیار ہیں، آپ بس ہماری یہ بات مان لیں کہ ہمارے معبودوں کی برائی کرنے سے باز رہیں۔ اگر یہ آپ کو منظور نہیں، تو ہم ایک اور تجویز آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں جس میں

آپ کی بھی بھلائی ہے اور ہماری بھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا وہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا ایک سال آپ ہمارے معبودوں لات اور عزیٰ کی عبادت کریں اور ایک سال ہم آپ کے معبود کی عبادت کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اچھا، ٹھیرو، میں دیکھتا ہوں کہ میرے رب کی طرف سے کیا حکم آتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی درجہ میں بھی اس تجویز کو قابل قبول کیا۔ یا قابلِ غور بھی سمجھتے تھے۔ اور آپ نے معاذ اللہ کفار کو یہ جواب اس امید پر دیا تھا کہ شاید اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی منظوری آجائے۔ بلکہ دراصل یہ بات بالکل ایسی ہی تھی جیسے کسی ماتحت افسر کے سامنے کوئی بے جا مطالبہ پیش کیا جائے اور وہ جانتا ہو کہ اس کی حکومت کے لیے یہ مطالبہ قابل قبول نہیں ہے، مگر وہ خود صاف انکار کر دینے کے بجائے مطالبہ کرنے والوں سے کہے کہ میں آپ کی درخواست اوپر بھیجے دیتا ہوں، جو کچھ وہاں سے جواب آئے گا وہ آپ کو بتا دوں گا۔ اس سے فرق یہ واقع ہوتا ہے کہ ماتحت افسر اگر خود ہی انکار کر دے تو لوگوں کا اصرار رہتا ہے لیکن اگر وہ بتائے کہ اوپر سے حکومت کا جواب ہی تمہارے مطالبہ کے خلاف آیا ہے تو لوگ مایوس ہو جاتے ہیں۔ بہرحال اس پر وحی نازل ہوئی "قل یایھا الکٰفرون۔ اور یہ کہ "ان سے کہو، اے نادانو! کیا تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ اللہ کے سوا میں کسی اور کی عبادت کروں" (الزمر، آیت 64) حوالہ ابن جریر، ابن ابی حاتم، طبرانی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت ہے کہ قریش کے لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا "اے محمد، اگر تم ہمارے معبود بتوں کو چوم لو تو ہم تمہارے معبود کی عبادت کریں گے۔" اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔ حوالہ عبد بن حمید سعید بن میناء (ابوالبختری کے آزاد کردہ غلام) کی روایت ہے کہ ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل، اسود بن المطلب اور امیہ بن خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملے اور آپ سے کہا "اے محمد، آؤ ہم تمہارے معبود کی عبادت کرتے ہیں اور تم ہمارے معبودوں کی عبادت کرو اور ہم اپنے سارے کاموں میں تمہیں شریک کیے لیتے ہیں۔ اگر وہ چیز جو تم لے کر آئے ہو اُس سے بہتر ہوئی جو ہمارے پاس ہے تو ہم تمہارے ساتھ اُس میں شریک ہوں گے اور اپنا حصہ اُس سے پا لیں گے۔ اور اگر وہ چیز جو ہمارے پاس ہے اُس سے بہتر ہوئی جو تم لائے ہو تو تم ہمارے ساتھ اس میں شریک ہو گے اور اس سے اپنا حصہ پا لو گے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ

وحی نازل فرمائی قل یاَیھا الکٰفرون حوالہ ابن جریر و ابن ابی حاتم۔ ابن ہشام نے بھی سیرت میں اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔ وہب بن منبہ کی روایت ہے کہ قریش کے لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا اگر آپ پسند کریں تو ایک سال ہم آپ کے دین میں داخل ہو جائیں اور ایک سال آپ ہمارے دین میں داخل ہو جایا کریں حوالہ عبد بن حمید ابن ابی حاتم۔ ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ ایک ہی مجلس میں نہیں بلکہ مختلف اوقات میں مختلف مواقع پر کفارِ قریش نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اس قسم کی تجویزیں پیش کی تھیں اور اس بات کی ضرورت تھی کہ ایک دفعہ دو ٹوک جواب دے کر اُن کی اِس امید کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دین کے معاملے میں کچھ دو اور کچھ لو کے طریقے پر اُن سے کوئی مصالحت کر لیں گے۔

## موضوع اور مضمون

اس پس منظر کو نگاہ میں رکھ کر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورت مذہبی رواداری کی تلقین کے لیے نازل نہیں ہوئی تھی، جیسا کہ آج کل کے بعض لوگ خیال کرتے ہیں، بلکہ اِس لیے نازل ہوئی تھی کہ کفار کے دین اور ان کی پوجا پاٹ اور ان کے معبودوں سے قطعی براءت، بیزاری اور لاتعلقی کا اعلان کر دیا جائے اور انہیں بتا دیا جائے کہ دینِ کفر اور دینِ اسلام ایک دوسرے سے بالکل الگ ہیں، اُن کے باہم مل جانے کا سرے سے کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ بات اگرچہ ابتداءً قریش کے کفار کو مخاطب کر کے اُن کی تجاویز مصالحت کے جواب میں کہی گئی تھی، لیکن یہ اُنہی تک محدود نہیں ہے بلکہ اسے قرآن میں درج کر کے تمام مسلمانوں کو قیامت تک کے لیے یہ تعلیم دے دی گئی ہے کہ دینِ کفر جہاں جس شکل میں بھی ہے اُن کو اس سے قول اور عمل میں براءت کا اظہار کرنا چاہیے اور بلا رو رعایت کہہ دینا چاہیے کہ دین کے معاملے میں وہ کافروں سے کسی قسم کی مداہنت یا مصالحت نہیں کر سکتے۔ اسی لیے یہ سورت اُس وقت بھی پڑھی جاتی رہی جب وہ لوگ مر کھپ گئے تھے جن کی باتوں کے جواب میں اِسے نازل فرمایا گیا تھا، اور وہ لوگ بھی مسلمان ہونے کے بعد اسے پڑھتے رہے جو اِس کے نزول کے وقت کافر و مشرک تھے، اور اُن کے گزر جانے کے صدیوں بعد آج بھی مسلمان اس کو پڑھتے ہیں کیونکہ کفر اور کافری سے بیزاری و لاتعلقی ایمان کا دائمی تقاضا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ میں اِس سورت کی کیا اہمیت تھی، اس کا اندازہ ذیل کی چند

احادیث سے کیا جا سکتا ہے: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے بارہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فجر کی نماز سے پہلے اور مغرب کی نماز کے بعد کی دو رکعتوں میں قل یاایھا الکٰفرون اور قل ھو اللہ احد پڑھتے دیکھا ہے۔ (اس مضمون کی متعدد روایات کچھ لفظی اختلافات کے ساتھ امام احمد، ترمذی، نسائی ابن ماجہ، ابن حبان اور ابن مردویہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہیں)۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ جب تم سونے کے لیے اپنے بستر پر لیٹو تو قل یاایھا الکٰفرون پڑھ لیا کرو" حوالہ ابویعلیٰ طبرانی حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل سے فرمایا سوتے وقت قل یاایھا الکٰفرون پڑھ لیا کرو کیونکہ یہ شرک سے براءت ہے حوالہ بیہقی فی الشعب فروہ بن نوفل اور عبد الرحمٰن بن نوفل، دونوں کا بیان ہے کہ ان کے والد نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ الاشجعی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجیے جسے میں سوتے وقت پڑھ لیا کروں۔ آپ نے فرمایا قل یاایھا الکٰفرون آخر تک پڑھ کر سو جایا کرو، کیونکہ یہ شرک سے براءت ہے حوالہ مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ابی شیبہ، حاکم، ابن مردویہ، بیہقی فی الشعب۔ ایسی ہی درخواست حضرت زید بن حارثہ کے بھائی حضرت جبلہ بن حارثہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کی تھی اور ان کو بھی آپ نے یہی جواب دیا تھا حوالہ مسند احمد، طبرانی۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ | کہدو (اے پیغمبر ﷺ) اے کافرو۔ *1 | 1. Say: (O prophet) “O disbelievers.” *1 |

*1 A few points in this verse are particularly noteworthy: (1) Although the Prophet (peace be upon him) has been commanded to tell this to the disbelievers plainly, the theme that follows makes it explicit that every believer should tell

**the disbelievers plainly what has been said in the following verses; so much so that the person who has just believed and repented of *kufr* is also bound to express similarly his disgust with and disapproval of the creed and rites of worship and gods of *kufr*. Thus, though the first addressee of the word *qul* (say) is the Prophet (peace be upon him) himself, the command is not restricted to him alone but it reaches every believer through him.**

**(2) The word *kafir* is no abuse, which might have been used for the addressees of this verse, but it implies the one who refuses to believe or is an unbeliever. As against it the word mumin is used for the believer. Therefore, the Prophet's (peace be upon him) saying, by Allah's command, O disbelievers... in fact, means: O you, who have refused to believe in my apostleship and in the teachings brought by me. Likewise, when a believer uses this word, it will imply those who do not believe in the Prophet Muhmmad (peace be upon him).**

**(3) The word used is *O kafirs* and not *O mushriks*; therefore, the addressees are not only the *mushriks* but all those people who do not acknowledge Muhammad (peace be upon him) as Allah's Messenger and the teachings and guidance brought by him as the teaching and guidance given by Allah Himself, whether they be Jews, Christians, Zoroastrians or the disbelievers, polytheists and pagans of the entire world. There is no reason why this address be restricted to the pagans of Quraish or of Arabia only.**

**(4) To address the deniers with the word *O kafirs* is just like addressing certain people as O enemies, or O opponents.**

**Such an address is not, in fact, directed to the person of the addressee but it is made on the basis of their characteristic of enmity and opposition, and lasts only until they are so characterized. If one of them gives up enmity and opposition, or turns a friend and supporter, he no longer remains the addressee of this word. Likewise, the address of *O kafirs* to the people also is in view of their characteristic of *kufr* and not their person. This address would be perpetual for him who continues to be a *kafir* till death, but the one who believes will no longer be its addressee. (5) Many scholars from among the commentators have expressed the opinion that in this Surah the address of O disbelievers applied only to a few persons of Quraish, who were visiting the Prophet (peace be upon him) with proposals of compromise regarding religion and about whom Allah had informed His Messenger (peace be upon him) that they would not believe. They have formed this opinion for two reasons. First, that it is followed by *La a budu ma ta budun*: I do not worship him or those whom you worship. They say that this does not apply to the Jews and Christians, for they worship Allah. Second, that this is also followed by: *wala antum abiduna ma aabud*: Nor are you worshippers of Him Whom I worship. Their reasoning is that this statement does not apply to the people who at the revelation of this Surah were disbelievers but later believed. Both these arguments are incorrect. As for these verses, their explanation that follows will show that they do not bear the meaning which has been understood from them. Here, to point out the error of the reasoning it would be**

enough to say that if the addressees of this Surah were only these people, why then does this Surah still continue to be recited when they are dead and gone from the world long long ago? And what was the need of making this Surah a part of the Quran permanently so that the Muslims should continue to read it for ever afterwards?

1* اس آیت میں چند باتیں خاص طور پر توجہ طلب ہیں:

(ا) حکم اگرچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا ہے کہ آپ کافروں سے یہ بات صاف صاف کہہ دیں، لیکن آگے کا مضمون یہ بتا رہا ہے کہ ہر مومن کو وہی بات کافروں سے کہہ دینی چاہیے کہ جو بعد کی آیات میں بیان ہوئی ہے حتیٰ کہ جو شخص کفر سے توبہ کر کے ایمان لے آیا ہو اس کے لیے بھی لازم ہے کہ دینِ کفر اور اس کی عبادات اور معبودوں سے اِسی طرح اپنی براءت کا اظہار کر دے۔ پس لفظِ قلُ (کہہ دو) کے اولین مخاطب تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں، مگر حکم حضورؐ کے لیے خاص نہیں ہے بلکہ آپؐ کے واسطے سے ہر مومن کو پہنچتا ہے۔

(۲) "کافر" کا لفظ کوئی گالی نہیں ہے جو اس آیت کے مخاطبوں کو دی گئی ہو، بلکہ عربی زبان میں کافر کے معنی انکار کرنے والے اور نہ ماننے والے (Unbeliever) کے ہیں، اور اس کے مقابلے میں "مومن" کا لفظ مان لینے اور تسلیم کر لینے والے (Believer) کے لیے بولا جاتا ہے۔ لہٰذا اللہ کے حکم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ "اے کافرو" دراصل اس معنی میں ہے کہ "اے وہ لوگوں جنھوں نے میری رسالت اور میری لائی ہوئی تعلیم کو ماننے سے انکار کر دیا ہے۔" اور اسی طرح ایک مومن جب یہ لفظ کہے گا تو اس کی مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لانے والے ہوں گے۔

(۳) اے کافروں کہا ہے، اے مشرکوں نہیں، اس لیے مخاطب صرف مشرکین ہی نہیں ہیں بلکہ وہ سب لوگ ہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا رسول، اور آپ کی لائی ہوئی تعلیم و ہدایت کو اللہ جلّ شانہ، کی تعلیم و ہدایت نہیں مانتے، خواہ وہ یہود ہوں، نصاریٰ ہوں، مجوسی ہوں یا دنیا بھر کے کفار و مشرکین اور ملاحد ہوں۔ اِس خطاب کو صرف قریش یا عرب کے مشرکین تک محدود رکھنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

(۴) منکرین کو اے کافروں کہہ کر خطاب کرنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے ہم کچھ لوگوں کو اے دشمنوں، یا اے مخالفوں کہہ کر مخاطب کریں۔ اِس طرح کا خطاب دراصل مخاطبوں کی ذات سے نہیں ہوتا بلکہ اُن کی صفت دشمنی اور صفت مخالفت کی بنا پر ہوتا ہے اور اُسی وقت تک کے لیے ہوتا ہے جب تک اُن میں یہ صفت باقی رہے۔ اگر اُن میں سے کوئی دشمنی و مخالفت چھوڑ دے، یا دوست اور حامی بن جائے تو وہ اِس خطاب کا مخاطب نہیں رہتا۔ بالکل اِسی طرح جن لوگوں کو "اے کافروں" کہہ کر خطاب کیا گیا ہے وہ بھی اُن کی صفت کفر کے لحاظ سے ہے نہ کہ اُن کی ذاتی حیثیت سے۔ اُن میں سے جو شخص مرتے دم تک کافر رہے اُس کے لیے تو یہ خطاب دائمی ہو گا، لیکن جو شخص ایمان لے آئے وہ اِس کا مخاطب نہ رہے گا۔

(۵) مفسرین میں سے بہت سے بزرگوں نے یہ رائے دی ہے کہ اس سورۃ میں "اے کافروں" کا خطاب قریش کے صرف اُن چند مخصوص لوگوں سے تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دین کے معاملے میں مصالحت کی تجویز لے کر آرہے تھے اور جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیا تھا کہ یہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ یہ رائے انہوں نے دو وجوہ سے قائم کی ہے۔ ایک یہ کہ آگے لَآ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ (جس کی یا جن کی عبادت تم کرتے ہو اس کی یا اُن کی عبادت میں نہیں کرتا) فرمایا گیا ہے، اور وہ کہتے ہیں کہ یہ قول یہود و نصاریٰ پر صادق نہیں آتا، کیونکہ وہ اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ آگے یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ وَلَآ اَنۡتُمۡ عَابِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ، (اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں)، اور ان کا استدلال یہ ہے کہ یہ قول اُن لوگوں پر صادق نہیں آتا جو اِس سورۃ کے نزول کے وقت کافر تھے اور بعد میں ایمان لے آئے۔ لیکن یہ دونوں دلیلیں صحیح نہیں ہیں۔ جہاں تک اِن آیتوں کا تعلق ہے اِن کی تشریح تو ہم آگے چل کر کریں گے جس سے معلوم ہو جائے گا کہ اِن کا وہ مطلب نہیں ہے جو اِن سے سمجھا گیا ہے۔ یہاں اِس استدلال کی غلطی واضح کرنے کے لیے صرف اتنی بات کہہ دینا کافی ہے کہ اگر اِس سورہ کے مخاطب صرف وہی لوگ تھے تو اُن کے مرکھپ جانے کے بعد اِس سورۃ کی تلاوت جاری رہنے کی آخر کیا وجہ ہے؟ اور اسے مستقل طور پر قرآن میں درج کر دینے کی کیا ضرورت تھی کہ قیامت تک مسلمان اسے پڑھتے رہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| 2. "I do not worship that which you worship." *2 | نہیں میں عبادت کرتا جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ *2 | لَآ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ |

***2 This includes all those deities whom the disbelievers and the polytheists have been, and are still, worshipping everywhere in the world, whether they are the angels, the jinn, prophets, saints, spirits of the living or dead men, or the sun, the moon, stars, animals, trees, rivers, idols and imaginary gods and goddesses. One may say that the pagans of Arabia also acknowledged Allah as a deity and the other pagans of the world also have never dis-acknowledged Allah as a deity till today. As for the followers of the earlier scriptures, they also acknowledge Allah alone as the real deity. How then can it be correct to exonerate oneself from the worship of all the deities of all those people, without exception, when Allah too is included among them? The answer is that if Allah is worshipped along with others regarding Him as a deity among other deities, the believer in *Tauhid* will inevitably express his immunity from this worship, for in his sight Allah is not a deity out of a collection of deities, but He alone is the real deity, and the worship of the collection of deities is no worship of Allah, although worship of Allah is also included in it. The Quran has clearly stated that Allah's worship is only that which does not have any tinge of the worship of another and in which man makes his worship exclusively Allah's. And the only command they were given, was to worship Allah, making their religion sincerely His, turning all their attention towards Him. (Surah Al-Bayyinah, Ayat**

5). This subject has been explained at many places in the Quran forcefully; for example, see Surah An-Nisa, Ayats 145-146; Surah Al-Aaraf, Ayat 29; Surah Az-Zumar, Ayats 2, 3, 11, 14, 15; Surah Al-Mumin, Ayat 14, 64-66. It has been further explained in a *Hadith Qudsi* (i.e. divine word revealed through the mouth of the Prophet) in which the messenger of Allah says: Allah says, I am Self-Sufficient of the association of every associate most of all. Whoever performed an act in which he also associated another with Me, I am free of it, and the entire act is for him who was associated. (Muslim, Musnad Ahmad, Ibn Majah). Thus, acknowledging Allah as one of the two, three or many gods and serving and worshipping others along with Him is, in fact, the real *kufr*, declaration of immunity from which is the object of this Surah.

2* اس میں وہ سب معبود شامل ہیں جن کی عبادت دنیا بھر کے کفار اور مشرکین کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں، خواہ وہ ملائکہ ہوں، جن ہوں، انبیاء اور اولیاء ہوں، زندہ ہوں یا مردہ انسانوں کی ارواح ہوں، یا سورج، یا چاند، ستارے، جانور، درخت، دریا، بت اور خیالی دیویاں اور دیوتا ہوں۔ اس پر یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ مشرکین عرب اللہ تعالیٰ کو بھی تو معبود مانتے تھے اور دنیا کے دوسرے مشرکین نے بھی قدیم زمانے سے آج تک اللہ کے معبود ہونے کا انکار نہیں کیا ہے۔ رہے اہلِ کتاب تو وہ اصل معبود تو اللہ ہی کو تسلیم کرتے ہیں۔ پھر اِن سب لوگوں کے تمام معبودوں کی عبادت سے کسی استثناء کے بغیر براءت کا اعلان کیسے صحیح ہو سکتا ہے جبکہ اللہ بھی ان میں شامل ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ کو معبودوں کے مجموعے میں ایک معبود کی حیثیت سے شامل کرکے اگر دوسروں کے ساتھ اُس کی عبادت کی جائے تو وہ شخص جو توحید پر ایمان رکھتا ہو لازماً اس عبادت سے اپنی براءت کا اظہار کرے گا، کیونکہ اس کے نزدیک اللہ معبودوں کے مجموعے میں سے ایک معبود نہیں بلکہ وہی ایک تنہا معبود ہے، اور اِس مجموعے کی عبادت سرے سے اللہ کی عبادت ہی

نہیں ہے اگرچہ اُس میں اللہ کی عبادت بھی شامل ہو۔ قرآن مجید میں اِس بات کو صاف صاف کہہ دیا گیا ہے کہ اللہ کی عبادت صرف وہ ہے جس کے ساتھ کسی دوسرے کی عبادت کا شائبہ تک نہ ہو، اور جس میں انسان اپنی بندگی کو بالکل اللہ ہی کے لیے خالص کر دے۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ۔ "لوگوں کو اِس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیا کہ وہ بالکل یک سو ہو کر، اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کر کے اُس کی عبادت کریں" (البینہ۔۵)۔ یہ مضمون بکثرت مقامات پر قرآن میں پوری وضاحت کے ساتھ اور پورے زور کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ۔ مثال کے طور پر ملاحظہ ہو النساء، آیات ۱۴۵-۱۴۶، الاَعراف، ۲۹۔ الزُّمر، ۲-۳-۱۱-۱۴-۱۵۔ المومن، ۱۴-۶۴ تا ۶۶۔ یہی مضمون ایک حدیث قدسی میں بیان کیا گیا ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں سب سے بڑھ کر ہر شریک کی شرکت سے بے نیاز ہوں۔ جس شخص نے کوئی عمل ایسا کیا جس میں میرے ساتھ کسی اور کو بھی اُس نے شریک کیا ہو اُس سے میں بری ہوں اور وہ پورا پورا عمل اُسی کے لیے ہے جس کو اُس نے شریک کیا" (مسلم، مسند احمد، ابن ماجہ)۔ پس در حقیقت اللہ کو دو یا تین یا بہت سے خداؤں میں سے ایک قرار دینا اور اُس کے ساتھ دوسروں کی بندگی و پرستش کرنا ہی تو وہ اصل کفر ہے جس سے اظہارِ براءت کرنا اس سورۃ کا مقصود ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ج ۳ | اور نہیں تم عبادت کرنے والے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ *3 | 3. "Nor are you worshippers of that which I worship." *3 |

***3 The words used are: *ma abudu*. The word *ma* in Arabic, is generally used for lifeless or unintelligent things, and the word *mun* for intelligent and rational beings. The question arises why has *ma abudu* been used here instead of *man abudu*? The commentators generally give four answers to it:**

**(1) That *ma* here is in the meaning of *mun*.**

**(2) That *ma* here is in the meaning of *alladhi* (i.e. which or**

**who).**

**(3) That in both the sentences *ma* is in the meaning of a noun of action (*masdar*) and it means: I do not perform the kind of worship that you perform, i.e. polytheistic worship, and you do not perform the kind of worship that I perform, i.e. worship of One God.**

**(4) That since in the first sentence *ma tabuduna* has been used, in the second *ma abudu* has been used to keep the style; in both places there is only the uniformity of the word, there is no uniformity of meaning; instances of this are found elsewhere also in the Quran. For example, in Surah Al-Baqarah, Ayat 194, it has been said: Therefore, if anyone transgresses a prohibition by attacking you, you may do likewise. Obviously, to transgress likewise in retaliation is no transgression, but the word transgression (in retaliation) has been used only for the sake of uniformity in style. In Surah At-Taubah, Ayat 67, it has been said: They forgot Allah, so Allah forgot them. Whereas Allah does not forget. What is meant to be said is that Allah ignored them. The word *nisyan* in respect of Allah has been used corresponding to their *nisyan* (forgetfulness) only to keep the uniformity of the study. Although all these four interpretations are correct in their own way, and there is room in Arabic to take all these meanings, yet none of these explains the real object for which *ma abudu* has been used instead of *mun abudu*. As a matter of fact, when *mun* is used for a person in Arabic, it is meant to say or ask something about his person, and when *ma* is used, it is meant to ask or express something**

**about his characteristics and traits. This can be explained in English by the questions: who is he, and what is he, about a person. When it is asked, who is he, the object is to know something about his person. But when it is asked, what is he, the object is to know whether, for example, he belongs to the army, and if so, what is his rank, or whether he belongs to some teaching organization, and if so, whether he is a lecturer in it, or a reader, or a professor, what science or art subject he teaches, what are his qualifications, etc. Thus, if in this verse, it was said: *La antum abiduna mun abud*, it would mean: You are not worshippers of the being whom I worship, and in response, the disbelievers and the polytheists could have said that they too believed in the Being of Allah and also worshipped Him. But when it was said: *La antum abiduna ma abud*, it meant: You are not worshippers of the deity who has the attributes of the deity whom I worship. And this is the real point on the basis of which the religion of the Prophet Muhammad (peace be upon him) is absolutely distinguished from the religions of all kinds of disbelievers, besides the deniers of God, for his God is utterly different from the God of all of them. The God of some of them is such that He stood in need of rest on the seventh day after having created the world in six days, Who is not God of the universe but God of Israel, Who stands in a special relationship to the people of one particular race, which is not shared by other men, Who wrestles with the Prophet Jacob and cannot throw him, Who has also a son, named Ezra. The God of some others is father of an only son,**

**called Jesus Christ, and He causes His son to be crucified in order to make him an atonement for the sins of others. The God of some has wife and children, but begets only daughters. The God of some assumes human form and shape and living in a human body on the earth works like men. The God of some is merely an Essence, or Cause of causes, or the First Cause, Who after giving the system of the universe the initial push is sitting aside unconcerned, the universe is working by itself according to some relentless laws, and now He and man have nothing to do with each other. In short, even the unbelievers who acknowledge God do not, in fact, acknowledge the God, Who is the Creator, Master, Disposer, Administrator and Ruler of the entire universe, Who has not only set the system of the universe but is running and controlling it by Himself every moment, Who is above every defect, fault, weakness and error, Who is free from every similitude, every physical limitation, every likeness, Who is Self-Sufficient of every companion and associate, Who has no partner in His Being, attributes, powers and entitlement to worship, Who is far too Holy that He should have children, or should take some one for a son, or should have an exclusive relationship with a community or race, Who is directly related to each individual creature of His as its Providence, Sustainer and Guardian, Who hears the prayers and answers them, Who alone possesses all the powers to give life and death, to cause profit and loss, and to make and mar destinies, Who not only sustains His creatures but also guides each according to its nature and**

**need, Who is not only our God Whom we worship but also enjoins commands and prohibitions through His Prophets and His Books, which we have to obey, before Whom we are accountable for our deeds, Who will resurrect us after death, call us to account and reward and punish us accordingly. No one in the world except for Muhammad (peace be upon him) and his followers are worshipping the God with these attributes. If at all some others also are worshipping God, they are not worshipping the real and true God but the God who is their self-invented, imaginary God.**

*3 اصل الفاظ ہیں مَآ اَعۡبُدُ۔ عربی زبان میں مآ کا لفظ عموماً بے جان یا بے عقل چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، اور ذی عقل ہستیوں کے لیے مَنۡ کا لفظ بولا جاتا ہے۔ اِس بنا پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہاں مَنۡ اَعۡبُدُ کہنے کے بجائے مَآ اَعۡبُدُ کیوں کہا گیا ہے؟ اس کے چار جواب عام طور پر مفسرین نے دیے ہیں۔ ایک یہ کہ مَا بمعنیٰ مَنۡ ہے۔ دوسرے یہ کہ یہاں مَا بمعنی اَلَّذِیۡ (یعنی جو یا جس) ہے۔ تیسرے یہ کہ دونوں فقروں میں مَا مصدر کے معنی میں ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ میں وہ عبادت نہیں کرتا جو تم کرتے ہو، یعنی مشرکانہ عبادت، اور تم وہ عبادت نہیں کرتے ہو جو میں کرتا ہوں، یعنی موحدانہ عبادت۔ چوتھے یہ کہ پہلے فقرے میں چونکہ مَا تَعۡبُدُوۡنَ فرمایا گیا ہے اس لیے دوسرے فقرے میں کلام کی مناسبت برقرار رکھتے ہوئے مَآ اَعۡبُدُ فرمایا گیا ہے، لیکن دونوں جگہ صرف لفظ کی یکسانی ہے، معنی کی یکسانی نہیں ہے، اور اس کی مثالیں قرآن مجید میں دوسری جگہ بھی ملتی ہیں۔ مثلاً سورۂ بقرہ (آیت ۱۹۴) میں فرمایا گیا ہے فَمَنِ اعۡتَدٰی عَلَیۡکُمۡ فَاعۡتَدُوۡا عَلَیۡہِ بِمِثۡلِ مَا اعۡتَدٰی عَلَیۡکُمۡ ”جو تم پر زیادتی کرے اس پر تم ویسی ہی زیادتی کرو جیسی اس نے تم پر کی ہے۔“ ظاہر ہے کہ زیادتی کا ویسا ہی جواب جیسی زیادتی کی گئی ہو، زیادتی کی تعریف میں نہیں آتا، مگر محض کلام کی یکسانی کے لیے جواباً زیادتی کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اِسی طرح سورۂ

توبہ (آیت ٦٧) میں ارشاد ہوا ہے نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ "وہ اللہ کو بھول گئے تو اللہ اُن کو بھول گیا۔" حالانکہ اللہ بھولتا نہیں ہے اور مقصودِ کلام یہ ہے کہ اللہ نے ان کو نظر انداز فرما دیا، لیکن اُن کے نسیان کے جواب میں اللہ کے نسیان کا لفظ محض کلام کی یکسانی برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

یہ چاروں تاویلات اگرچہ ایک لحاظ سے درست ہیں اور عربی زبان میں یہ سب معنی لینے کی گنجائش ہے، لیکن ان میں سے کسی سے بھی وہ اصل مدّعا واضح نہیں ہوتا جس کے لیے مَنْ اَعْبُدُ کہنے کے بجائے مَآ اَعْبُدُ کہا گیا ہے۔ دراصل عربی زبان میں کسی شخص کے لیے جب مَنْ کا لفظ استعمال ہوتا ہے تو اس سے مقصود اُس کی ذات کے متعلق کچھ کہنا یا پوچھنا ہوتا ہے، اور جب مَا کا لفظ استعمال ہوتا ہے تو اس سے مقصود اُس کی صفت کے بارے میں استفسار یا اظہار خیال ہوتا ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا اردو زبان میں جب ہم کسی شخص کے متعلق پوچھتے ہیں کہ یہ صاحب کون ہیں تو مقصد اس شخص کی ذات سے تعارف حاصل کرنا ہوتا ہے مگر جب ہم کسی شخص کے متعلق پوچھتے ہیں کہ یہ صاحب کیا ہیں؟ تو اس سے یہ معلوم کرنا ہوتا ہے کہ مثلاً وہ فوج کا آدمی ہے تو فوج میں اس کا منصب کیا ہے؟ اور کسی درس گاہ سے تعلق رکھتا ہے تو اِس میں ریڈر ہے؟ لکچرر ہے؟ پروفیسر ہے؟ کس علم یا فن کا استاد ہے؟ کیا ڈگریاں رکھتا ہے؟ وغیرہ پس اگر اس آیت میں یہ کہا جاتا کہ لَآ اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَنْ اَعْبُدُ تو اس کا مطلب یہ ہوتا کہ تم اس ہستی کی عبادت کرنے والے نہیں ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں اور اس کے جواب میں مشرکین اور کفار یہ کہہ سکتے تھے کہ اللہ کی ہستی کو تو ہم مانتے ہیں اور اس کی عبادت بھی ہم کرتے ہیں۔ لیکن جب یہ کہا گیا کہ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ جن صفات کے معبود کی عبادت میں کرتا ہوں اُن صفات کے معبود کی عبادت کرنے والے تم نہیں ہو۔

اور یہی وہ اصل بات ہے جس کی بنا پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دین منکرینِ خدا کے سوا تمام اقسام کے کفار کے دین سے قطعی طور پر الگ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ آپؐ کا خدا اُن سب کے خدا سے بالکل مختلف ہے۔ اُن میں سے کسی کا خدا ایسا ہے جس کو چھ دن میں دنیا پیدا کرنے کے بعد ساتویں دن آرام کرنے کی ضرورت پیش آئی، جو ربُّ العالمین نہیں بلکہ ربِّ اسرائیل ہے، جس کا ایک نسل کے لوگوں سے ایسا خاص رشتہ ہے جو

دوسرے انسانوں سے نہیں ہے، جو حضرت یعقوبؑ سے کشتی لڑتا ہے اور ان کو گرا نہیں سکتا، جو عزَیر نامی ایک بیٹا بھی رکھتا ہے۔ کسی کا خدا یسوع مسیح نامی ایک اِکلوتے بیٹے کا باپ ہے اور وہ دوسروں کے گناہوں کا کفارہ بنانے کے لیے اپنے بیٹے کو صلیب پر چڑھوا دیتا ہے۔ کسی کا خدا بیوی بچے رکھتا ہے، مگر بے چارے کے ہاں صرف بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں۔ کسی کا خدا انسانی شکل میں روپ دھارتا ہے اور زمین پر انسانی جسم میں رہ کر انسانوں کے سے کام کرتا ہے۔ کسی کا خدا محض واجب الوجود، یا علت العلل یا علتِ اولیٰ (First Cause) ہے، کائنات کے نظام کو ایک مرتبہ حرکت دے کر الگ جا بیٹھا ہے، اس کے بعد کائنات لگے بندھے قوانین کے مطابق خود چل رہی ہے اور انسان کا اُس سے اور اُس کا انسان سے اب کوئی تعلق نہیں ہے۔ غرض خدا کو ماننے والے کفار بھی درحقیقت اُس خدا کو نہیں مانتے جو ساری کائنات کا ایک ہی خالق، مالک، مدبرّ، منتظم اور حاکم ہے۔ جس نے نظام کائنات کو صرف بنایا ہی نہیں ہے بلکہ ہر آن وہی اس کو چلا رہا ہے اور اس کا حکم ہر وقت یہاں چل رہا ہے۔ جو ہر عیب، نقص، کمزوری اور غلطی سے منزّہ ہے۔ جو ہر تشبیہ اور تجسیم سے پاک، ہر نظیر و مثیل سے مبرا اور ہر ساتھی اور ساجھی سے بے نیاز ہے۔ جس کی ذات، صفات، اختیارات اور استحقاقِ معبودیت میں کوئی اس کا شریک نہیں ہے۔ ایک ایک فرد کے ساتھ رزّاقی اور ربوبیت اور رحمت اور نگہبانی کا براہِ راست تعلق ہے۔ جو دعائیں سننے والا اور اُن کا جواب دینے والا ہے۔ جو موت اور زندگی، نفع اور ضرر اور قسمتوں کے بناؤ اور بگاڑ کے جملہ اختیارات کا تنہا مالک ہے۔ جو اپنی مخلوق کو صرف پالتا ہی نہیں ہے بلکہ ہر ایک کو اس کی حیثیت اور ضرورت کے مطابق ہدایت بھی دیتا ہے۔ جس کے ساتھ ہمارا تعلق صرف یہی نہیں ہے کہ وہ ہمارا معبود ہے اور ہم اُس کی پرستش کرتے ہیں، بلکہ یہ بھی ہے کہ وہ اپنے انبیاء اور اپنی کتابوں کے ذریعہ سے ہمیں امر و نہی کے احکام دیتا ہے اور ہمارا کام اس کے احکام کی اطاعت کرنا ہے۔ جس کے سامنے ہم اپنے اعمال کے لیے جواب دہ ہیں، جو مرنے کے بعد ہمیں دوبارہ اٹھانے والا ہے اور ہمارے اعمال کا محاسبہ کر کے جزا اور سزا دینے والا ہے۔ اِن صفات کے معبود کی عبادت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی پیروی کرنے والوں کے سوا دنیا میں کوئی بھی نہیں کر رہا ہے۔ دوسرے اگر خدا کی عبادت کر بھی رہے ہیں تو اصلی اور حقیقی خدا کی نہیں بلکہ اس خدا کی عبادت کر رہے ہیں جو اُن کا اپنا اختراع کردہ ایک خیالی خدا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. “Nor am I a worshipper of that which you worship.” | اور نہیں میں عبادت کرنے والا جنکی تم عبادت کرتے ہو۔ | وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ ﴿٤﴾ |
| 5. “Nor are you worshippers of that which I worship.” *4 | اور نہیں تم عبادت کرنے والے جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ *4 | وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ ﴿٥﴾ |

*4 A section of the commentators is of the view that both these sentences are a repetition of the theme of the first two sentences and the repetition is meant to strengthen the statement in the first two sentences. But many commentators do not regard it as a repetition. They say that a new theme has been expressed in these which is different from the theme of the first two sentences. In our opinion they are correct in so far as there is no repetition in these sentences, for in these only “nor are you worshippers of Him Whom I worship” has been repeated, and this repetition also is not in the sense in which this sentence was used first. But after negating the repetition the meanings that this section of the commentators has given of these two sentences are very different from each other. There is no occasion here to take up and discuss each of the meanings given by the commentators. Avoiding details we shall only discuss the meaning which is correct in our opinion. In the first sentence, it has been said: “Nor am I a worshipper of those whom you have worshipped.” Its theme is absolutely different from the theme of verse 2, in which it was said: “I do not worship those whom you

**warship," These two things widely differ in two aspects. First, that although there is denial, and a forceful denial, in saying that "I do not, or shall not, do such and such a thing," yet there is much greater force in saying that "I am not a doer of such and such a thing," for it means: "It is such an evil thing that nothing to say of committing it; it is not possible that I would even think of it, or have intention of doing it." Second, that the sentence "whom you worship" applies to only those gods whom the disbelievers are worshipping now. On the contrary, the sentence "whom you have worshipped" applies to all those gods whom the disbelievers and their forefathers have been worshipping in the past. Now, it is a well known fact that the gods of the polytheists and disbelievers have always been changing and their number increasing and decreasing. In different ages different groups of them have been worshipping different gods, and the gods of all the disbelievers have never always been the same everywhere. Therefore, the verse means: I exonerate myself not only from your gods of today but also from the gods of your forefathers, and I am not a person who would even think of worshipping such gods. As for the second sentence, although its words in verse 5 are the same as in verse 3, yet its meaning at the two places is different. In verse 3, it follows this sentence: "I do not worship those whom you worship." Therefore, it means: "Nor are you worshippers of the God having the attributes of the One God Whom I worship." And in verse 5, it follows this sentence: "Nor am I a worshipper of those whom you have worshipped." Therefore, it means: "Nor**

**does it seem you would become worshippers of the One God Whom I worship." Or, in other words, "It is not possible that 1 should become a worshipper of each of those gods whom you and your forefathers have worshipped, and on account of your aversion to adopting worship of One God, instead of many gods, it cannot be expected that you would desist from this wrong worship and will become worshipper of Him Whom I worship.**

*4 مفسرین میں سے ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہ دونوں فقرے پہلے دو نوں فقروں کے مضمون کی تکرار ہیں، اور یہ تکرار اِس غرض کے لیے کی گئی ہے کہ اُس بات کو زیادہ پر زور بنا دیا جائے جو پہلے دو فقروں میں کہی گئی تھی ۔ لیکن بہت سے مفسرین اس کو تکرار نہیں مانتے بلکہ وہ کہتے ہیں کہ اِن میں ایک اور مضمون بیان کیا گیا ہے جو پہلے فقروں کے مضمون سے مختلف ہے۔ ہمارے نزدیک اِس حد تک تو اُن کی بات صحیح ہے کہ اِن فقروں میں تکرار نہیں ہے ، کیونکہ اِن میں صرف "اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں" کا اعادہ کیا گیا ہے، اور یہ اعادہ بھی اُس معنی میں نہیں ہے جس میں یہ فقرہ پہلے کہا گیا تھا۔ مگر تکرار کی نفی کرنے کے بعد مفسرین کے اِس گروہ نے اِن دونوں فقروں کے جو معنی بیان کیے ہیں وہ ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں۔ یہاں اِس کا موقع نہیں ہے کہ ہم ان میں سے ہر ایک کے بیان کردہ معنی کو نقل کر کے اُس پر بحث کریں، اس لیے طولِ کلام سے بچتے ہوئے ہم صرف وہ معنی بیان کریں گے جو ہمارے نزدیک صحیح ہیں۔

پہلے فقرے میں فرمایا گیا ہے کہ " اور نہ میں اُن کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم نے کی ہے۔" اِس کا مضمون آیت نمبر ۲ کے مضمون سے بالکل مختلف ہے جس میں فرمایا گیا تھا کہ " میں اُن کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو۔" اِن دونوں باتوں میں دو حیثیتوں سے بہت بڑا فرق ہے۔ ایک یہ کہ میں فلاں کام نہیں کرتا یا نہیں کروں گا کہنے میں اگرچہ انکار اور پر زور انکار ہے، لیکن اس سے بہت زیادہ زور یہ کہنے میں ہے کہ میں فلاں کام کرنے والا نہیں ہوں، کیونکہ اِس کے معنی یہ ہیں کہ وہ ایسا برا کام ہے جس کا ارتکاب کرنا تو درکنار اُس کا ارادہ یا خیال کرنا بھی میرے لیے ممکن نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ " جن

کی عبادت تم کرتے ہو" کا اطلاق صرف اُن معبودوں پر ہوتا ہے جن کی عبادت کفار اَب کر رہے ہیں۔ بخلاف اس کے "جن کی عبادت تم نے کی ہے" کا اطلاق ان معبودوں پر ہوتا ہے جن کی عبادت کفار اور اُن کے آباؤاجداد زمانہ ماضی میں کرتے رہے ہیں۔ اب یہ ایک معلوم حقیقت ہے کہ مشرکین اور کفار کے معبودوں میں ہمیشہ ردّو بدل اور حذف و اضافہ ہوتا رہا ہے، مختلف زمانوں میں کفار کے مختلف گروہ مختلف معبودوں کو پوجتے رہے ہیں، اور سارے کافروں کے معبود ہمیشہ اور ہر جگہ ایک ہی نہیں رہے ہیں۔ پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ میں تمہارے معبودوں ہی سے نہیں بلکہ تمہارے آباؤاجداد کے معبودوں سے بھی بری ہوں اور میرا یہ کام نہیں ہے کہ ایسے معبودوں کی عبادت کا خیال تک اپنے دل میں لاؤں۔

رہا دوسرا فقرہ، تو اگرچہ آیت نمبر ۵ میں اُس کے الفاظ وہی ہیں جو آیت نمبر ۳ میں ہیں، لیکن دونوں جگہ اُس کا مفہوم مختلف ہے۔ آیت نمبر ۳ میں وہ اِس فقرے کے بعد آیا ہے کہ "میں اُن کی عبادت نہیں کرتا جن کی عبادت تم کرتے ہو"، اس لیے اس کا مطلب یہ ہے کہ "اور نہ تم اُن صفات کے معبودِ واحد کی عبادت کرنے والے ہو جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔" اور آیت نمبر ۵ میں وہ اِس فقرے کے بعد آیا ہے کہ "اور نہ میں اُن کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی عبادت تم نے کی ہے"، اس لیے اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ "اور نہ تم اُس معبودِ واحد کی عبادت کرنے والے بنتے نظر آتے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں"۔ یا بالفاظِ دیگر میرے لیے یہ ممکن نہیں ہے کہ جن جن کو تم نے اور تمہارے اسلاف نے پوجا ہے اُن کا پجاری بن جاؤں، اور تم کو بہت سے معبودوں کی بندگی چھوڑ کر ایک معبودِ واحد کی عبادت اختیار کرنے سے جو چڑ ہے اُس کی بنا پر تم سے یہ توقع نہیں ہے کہ اپنی اِس غلط عبادت سے باز آجاؤ گے اور اُس کی عبادت کرنے والے بن جاؤ گے جس کی عبادت میں کرتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَ لِيَ دِيْنِ ۞٦ | تمہارے لئے ہے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین۔ *5 | 6. "For you is your religion, and for me is my religion." *5 |

*5 That is, my religion is entirely distinct and separate from your religion. I am not a worshipper of your gods and you are not worshippers of my God. I cannot worship your gods

**and you are not prepared to worship my God, Therefore, you and I can never follow and walk one and the same path together. This is not a message of tolerance to the disbelievers, but a declaration of immunity, disgust with and dissociation from them as long as they are disbelievers. Its object is to disappoint them absolutely and finally that in the matter of religion the party of Allah's Messenger (peace be upon him) and his followers would ever come to terms with them. This same declaration of immunity and expression of disgust has been made in the Makki Surahs revealed after this Surah successively. Thus, in Surah Younus, it was said: If these people deny you, say to them: 1 am responsible for my deeds and you are responsible for yours: you are not accountable for what I do, and I am not accountable for what you do. (verse 41). Then further on in the same Surah it was said: O Prophet, say: O mankind, if you are still in doubt concerning my faith, know that I do not worship those whom you worship beside Allah, but I worship that Allah alone, Who has the power to cause your death. (verse 104). In Surah Ash-Shuara it was said: If they disobey you, tell them: I am not responsible for what you do. (verse 216). In Surah Saba it was said: Say to them: you will not be questioned for the errors we have committed, nor shall we be answerable for what you are doing. Say, our Lord will gather us together, then He will judge between us rightly. (verses 25-26). In Surah az-Zumar: Tell them plainly: O my people, do whatever you will, so shall I. Soon you shall come to know as to whom comes the disgraceful torment and who gets the enduring punishment. (verses 39-**

**40). Then the same lesson was taught in Al-Madinah to all the Muslims: There is indeed an excellent example for you in Abraham and his companions when they said to their people plainly: We have nothing to do with you and your gods, whom you worship beside God; we have renounced you and there has arisen between us and you enmity and hatred for ever, until you believe in Allah, the One. (Surah Al-Mumtahinah, Ayat 4). These continuous explanations of the Quran do not leave any room whatever for the doubt that the verse *Lakum dinu kum wa liya din* does not mean: You may go on following your religion and allow me to follow mine, but it is the kind of declaration made in Surah Az-Zumar, Ayat 14: O Prophet, say to them: I shall serve Allah alone, making my religion sincerely His. As for you, you may serve whomever you please beside Him. (verse 14). From this verse lmam Abu Hanifah and Imam Shafei have deduced that *kufr* (unbelief), as a whole, is one community, however discordant and different from each other be the religions of the unbelievers; therefore, a Jew can inherit a Christian, and a Christian a Jew, and likewise the unbeliever of one religion can inherit the unbeliever of another religion, if there exists between them a relationship by descent or marriage, or some other connection, which necessitates the passage of inheritance of one to another. On the contrary, Imam Malik, Imam Auzai and Imam Ahmad hold the view that the followers of one religion cannot inherit the followers of another religion. They deduce this from the *Hadith* which has been related on the authority of Hadrat Abdullah bin Amr bin alAas, saying that Allah's**

**Messenger (peace be upon him) said: The people of two different communities cannot inherit each other. (Musnad Ahmad, Abu Daud, Ibn Majah, Daraqutni). A *Hadith* with almost the same content has been related by Tirmidhi from Jabir, by Ibn Hibban from Abdullah bin Umar, and by Bazzar from Abu Hurairah. Dealing with this legal problem comprehensively, the well known Hanafi Imam; Shamsul-Aimmah Sarakhsi, writes: The unbelievers can inherit each other mutually for all those reasons for which the Muslims inherit each other mutually, and they can also inherit each other in certain other cases in which the Muslims do not inherit each other. The fact is that Allah recognizes only two ways of life, the religion of truth and the religion of falsehood; that is why He has declared: *Lakum dinu-kum wa liya din*. And He has classified the people also into two groups, one group will go to Paradise and this consists of the believers, and the second group will go to Hell and this consists of the disbelievers collectively. And He has declared the two groups only as the potential opponents of each other: These are the two parties who have disputed about their Lord. (Surah Al-Hajj, Ayat 19). That is, one group comprises all the disbelievers collectively and they are opposed to the believers. We do not admit that they are separate and distinct communities according to their beliefs, but as against the Muslims they all form one community. For the Muslims affirm faith in the apostleship of Muhammad (peace be upon him) and in the Quran and they (disbelievers) refuse to affirm faith. For this very reason they have been declared to be unbelievers and are**

**one community as opposed to the Muslims. The *Hadith*, *La yata-warith ahl millatain*, points to the same thing as explained above. For the Prophet (peace be upon him) has explained the word *millatain* (two communities) by his saying: *La yarithul Muslim al-kafir wa lal-kafir al-Muslim*: The Muslim cannot inherit the disbeliever, nor the disbeliever can inherit the Muslim. (*AlMabsut* vol. 30, pp. 30-32). The *Hadith* cited here by Imam Sarakhsi has been related by Bukhari, Muslim, Nasai, Ahmad, Tirmidhi, Ibn Majah and Abu Daud on the authority of Usamah bin Zaid.**

5* یعنی میرا دین الگ ہے اور تمہارا دین الگ۔ میں تمہارے معبودوں کا پرستار نہیں اور تم میرے معبود کے پرستار نہیں۔ میں تمہارے معبودوں کی بندگی نہیں کر سکتا اور تم میرے معبود کی بندگی کے لیے تیار نہیں ہو۔ اس لیے میرا اور تمہارا راستہ کبھی ایک نہیں ہو سکتا۔ یہ کفار کو رواداری کا پیغام نہیں ہے، بلکہ جب تک وہ کافر ہیں اُن سے ہمیشہ کے لیے براءت، بیزاری اور لاتعلقی کا اعلان ہے، اور اس سے مقصود اُن کو اِس امر سے قطعی اور آخری طور پر مایوس کر دینا ہے کہ دین کے معاملہ میں اللہ کا رسول اور اس پر ایمان لانے والوں کا گروہ کبھی اُن سے کوئی مصالحت کرے گا۔ یہی اعلانِ براءت اور اظہارِ بیزاری اِس سورۃ کے بعد نازل ہونے والی مکی سورتوں میں پے در پے کیا گیا ہے۔ چنانچہ سورۂ یونس میں فرمایا "اگر یہ تجھے جھٹلاتے ہیں تو کہہ دے کہ میرا عمل میرے لیے ہے اور تمہارا عمل تمہارے لیے، جو کچھ میں کرتا ہوں اس کی ذمہ داری سے تم بری ہو اور جو کچھ تم کر رہے ہو اس کی ذمہ داری سے میں بری ہوں" (آیت ۱۰۴)۔ سورۂ شعراء میں فرمایا "اے نبی، اب اگر یہ لوگ تمہاری بات نہیں مانتے تو کہہ دو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے میں بری الذمہ ہوں" (آیت ۲۱۶)۔ سورۂ سبا میں فرمایا "اِن سے کہو جو قصور ہم نے کیا ہو اس کی باز پرس تم سے نہ ہوگی اور جو کچھ تم کر رہے ہو اُس کی کوئی جواب طلبی ہم سے نہیں کی جائے گی۔ کہو، ہمارا ربّ (ایک وقت) ہمیں اور تمہیں جمع کرے گا اور ہمارے درمیان ٹھیک فیصلہ کر دے گا" (آیات ۲۵-۲۶)۔ سورہ زمر میں فرمایا "اِن سے کہو، اے میری قوم کے لوگوں، تم اپنی جگہ کام کیے جاؤ، میں اپنا کام کرتا رہوں گا۔ عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس پر رُسوا کن عذاب آتا ہے اور کسے وہ سزا ملتی ہے جو ٹلنے والی نہیں" (آیات ۳۹-۴۰)۔ پھر یہی سبق

مدینۂ طیبہ میں تمام مسلمانوں کو دیا گیا کہ "تم لوگوں کے لیے ابراہیمؑ اور اُس کے ساتھیوں میں ایک اچھا نمونہ ہے کہ انہوں نے اپنی قوم سے صاف کہہ دیا کہ ہم تم سے اور تمہارے اُن معبودوں سے، جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوجتے ہو، قطعی بیزار ہیں، ہم نے تم سے کفر کیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے عداوت ہو گئی اور بیر پڑ گیا جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ" (الممتحنہ۔ آیت ۴) ۔ قرآن مجید کی اِن پے در پے توضیحات سے اِس شبہ کی گنجائش تک نہیں رہتی کہ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تم اپنے دین پر قائم رہو اور مجھے اپنے دین پر چلنے دو۔ بلکہ یہ اُسی طرح کی بات ہے جیسی سورۂ زُمر میں فرمائی گئی ہے کہ "اے نبی، اِن سے کہو کہ میں تو اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کر کے اُسی کی بندگی کروں گا، تم اُسے چھوڑ کر جس جس کی بندگی کرنا چاہو کرتے رہو" (آیت ۱۴) ۔

اِس آیت سے امام ابو حنیفہ اور امام شافعی نے یہ استدلال کیا ہے کہ کافروں کے مذاہب خواہ باہم کتنے ہی مختلف ہوں، لیکن کفر بحیثیتِ مجموعی ایک ہی ملت ہے ، اس لیے یہودی عیسائی کا، اور عیسائی یہودی کا، اور اسی طرح ایک مذہب کا کافر دوسرے مذہب کے کافر کا وارث ہو سکتا ہے اگر اُن کے درمیان نسب، یا نکاح یا کسی سبب کی بنا پر کوئی ایسا تعلق ہو جو ایک کی وراثت دوسرے کو پہنچنے کا مقتضی ہو۔ بخلاف اس کے امام مالک، امام اَوزاعی اور امام احمد اِس بات کے قائل ہیں کہ ایک مذہب کے پیرو دوسرے مذہب کے پیرو کی وراثت نہیں پاسکتے۔ ان کا استدلال یہ اُس حدیث سے ہے جو حضرت عبد اللہؓ بن عَمرو بن عاص سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا یتوارث اھل ملّتین شتّٰی۔ "دو مختلف ملتوں کے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے" (مسند احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ، دار قطنی)۔ اس سے ملتے جلتے مضمون کی ایک حدیث ترمذی نے حضرت جابرؓ سے اور ابن حبان نے حضرت عبد اللہ بن عمر سے اور بزّار نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کی ہے۔ اس مسئلے پر مفصل بحث کرتے ہوئے مسلک حنفی کے مشہور امام شمس الائمہ، سرخسی لکھتے ہیں: "کفار آپس میں اُن سب اسباب کی بنا پر بھی ایک دوسرے کے وارث ہو سکتے ہیں جن کی بنا پر مسلمان آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں ، اور اُن کے درمیان بعض ایسی صورتوں میں بھی توارُث ہو سکتا ہے جن میں مسلمانوں کے درمیان نہیں ہوتا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے

بس دو ہی دین قرار دیے ہیں، ایک دینِ حق، دوسرا دینِ باطل، چنانچہ فرمایا لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ۔ اور اس نے لوگوں کے دو ہی فریق رکھے ہیں، ایک فریق جنتی ہے اور وہ مومن ہے، اور دوسرا فریق دوزخی ہے اور وہ بحیثیت مجموعی تمام کفار ہیں۔ اور اس نے دو ہی گروہوں کو ایک دوسرے کا مخالف قرار دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا هٰذَانِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ (یہ دو مدّ مقابل فریق ہیں جن کے درمیان اپنے ربّ کے معاملے میں جھگڑا ہے۔ الحج، آیت ۱۹) یعنی ایک فریق تمام کفار بحیثیت مجموعی ہیں اور ان کا جھگڑا اہل ایمان سے ہے۔ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ وہ اپنے اعتقاد کے مطابق باہم الگ الگ ملتیں ہیں، بلکہ مسلمانوں کے مقابلے میں وہ سب ایک ہی ملت ہیں، کیونکہ مسلمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت اور قرآن کا اقرار کرتے ہیں اور وہ اس کا انکار کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے وہ کافر قرار پائے ہیں اور مسلمانوں کے معاملہ میں وہ سب ایک ملت ہیں۔ حدیث لا یتوارث اهل ملّتین اسی بات کی طرف اشارہ کرتی ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، کیونکہ مِلّتَین (دو ملتوں) کی تشریح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس ارشاد سے کر دی ہے کہ لا یرث المسلم الکافر ولا الکافر المسلم۔ مسلمان کافر کا وارث نہیں ہو سکتا اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہو سکتا ہے" (المبسوط، ج۳، صفحات ۳۰-۳۲)۔ امام سرخسی نے یہاں جس حدیث کا حوالہ دیا ہے اسے بخاری، مسلم، نسائی، احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور ابو داؤد نے حضرت اُسامہؓ بن زید سے روایت کیا ہے۔